بسم اللہ الرحمن الرحیم
مترجم • عربی اردو
چہل حدیث
برائے بیسک پرائمری درجات
مرتبہ : حضرت مولانا مفتی عبدالقدوس صاحب رومی مفتی شہر آگرہ
ناشر
مدرسہ تعلیم القرآن وزیرپورہ آگرہ
کاتب محمد صدیق مظاہری صابن کٹرہ آگرہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

چہل حدیث

قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ

عَنۡ سَلۡمَانَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ قَالَ سَاَلۡتُ رَسُوۡلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ عَنۡ اَرۡبَعِیۡنَ حَدِیۡثًا النَّبِیۡ قَالَ مَنۡ حَفِظَھَا مِنۡ اُمَّتِیۡ دَخَلَ الۡجَنَّۃَ وَمَا ھِیَ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ قَالَ

مَفَاتِیۡحُ الۡجَنَّۃِ شَہَادَۃُ اَنۡ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (احمد) جنت کی کنجی لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دینا ہے۔

مَنۡ کَانَ اٰخِرُ کَلَامِہٖ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الۡجَنَّۃَ (ابوداؤد) جسے لا الٰہ الا اللہ پر موت آئی وہ جنت میں جائے گا۔

مَنۡ صَلَّی الۡبَرۡدَیۡنِ دَخَلَ الۡجَنَّۃَ (بخاری و مسلم) جس نے عشاء و فجر کی نماز پڑھی وہ جنت میں جائیگا۔

بَیۡنَ الۡعَبۡدِ وَبَیۡنَ الۡکُفۡرِ تَرۡکُ الصَّلٰوۃِ (مسلم) بندے اور کفر کے درمیان حدِ فاصل ترک نماز ہے۔

خَیۡرُکُمۡ مَنۡ تَعَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ وَعَلَّمَہٗ (بخاری) تم میں بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔

کُلُّ مَعۡرُوۡفٍ صَدَقَۃٌ (〃) ہر بھلائی صدقہ ہے۔

جِہَادُکُنَّ الۡحَجُّ (〃) اے عورتو! تمہارا جہاد حج ہے۔

اَلۡحَیَاءُ خَیۡرٌ کُلُّہٗ (〃) حیا خیر ہی خیر ہے۔

تُحۡفَۃُ الۡمُؤۡمِنِ الۡمَوۡتُ (بیہقی) مومن کا تحفہ موت ہے۔

لَا یَدۡخُلُ الۡجَنَّۃَ قَاطِعٌ (بخاری) رشتہ توڑنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔

سِبَابُ الۡمُؤۡمِنِ فُسُوۡقٌ وَقِتَالُہٗ کُفۡرٌ (〃) مومن کو گالی دینا گناہ اور قتل کرنا کفر ہے۔

لَا یَدۡخُلُ الۡجَنَّۃَ نَمَّامٌ (〃) چغل خور جنت میں نہیں جائے گا۔

حدیث	حوالہ	ترجمہ
اَلْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ	(بخاری)	اچھی بات صدقہ ہے۔
لَا يُسْئَلُ بِوَجْهِ اللهِ اِلَّا الْجَنَّةُ	(ابو داؤد)	اللہ کے نام کے ساتھ صرف جنت ہی مانگنی چاہیے۔
مَوْتُ غُرْبَةٍ شَهَادَةٌ	(ابن ماجہ)	مسافرت کی موت شہادت ہے۔
لَا تَغْضَبْ	(بخاری)	غصہ نہ کر۔
لَا تَنَاجَشُوْا	(بخاری و مسلم)	محض قیمت بڑھانے کیلئے بولی نہ بولو۔
لَا تَاْكُلُوْا بِالشِّمَالِ	(")	بائیں ہاتھ سے نہ کھاؤ۔
اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ	(مسلم)	دنیا مومن کی جیل اور کافر کی جنت ہے۔
حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ	(ابو داؤد)	اچھا گمان بھی بہترین عبادت ہے۔
اَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ	(")	لوگوں کی حیثیت کے مطابق ان کا اکرام کرو۔
هُمَا جَنَّتُكَ وَنَارُكَ	(ابن ماجہ)	ماں باپ تیری جنت بھی ہیں جہنم بھی۔
سَيِّدُ اِدَامِكُمُ الْمِلْحُ	(")	نمک بہترین سالن ہے۔
مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ	(ابو داؤد)	جو جس قوم کی مشابہت کریگا اسی میں سے ہوگا۔
مَنْ صَمَتَ نَجَا	(ترمذی)	جو خاموش رہا کامیاب ہوا۔
مَنْ رَاٰنِيْ فَقَدْ رَاَى الْحَقَّ	(بخاری و مسلم)	جس نے خواب میں مجھے دیکھا اُس نے صحیح دیکھا۔
اَوْتِرُوْا قَبْلَ اَنْ تُصْبِحُوْا	(")	صبح صادق سے پہلے پہلے وتر پڑھ لیا کرو۔
اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	(")	ظلم، آخرت میں تاریکیوں کا سبب ہے۔
اِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ اَحْسَنَكُمْ اَخْلَاقًا	(")	تم میں سب سے بہتر وہ ہے جسکے اخلاق اچھے ہیں۔
لَا اٰكُلُ مُتَّكِئًا	(بخاری)	میں تکیہ لگا کر نہیں کھاتا۔
مَنْ لَّمْ يَسْئَلِ اللهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ	(ترمذی)	جو اللہ سے سوال نہیں کرتا اللہ اس سے ناراض ہوتا ہے۔
لَا يَرْحَمُ اللهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ	(بخاری)	جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ اسپر رحم نہیں کرتا۔

مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ (مسلم) — اللہ جس کے لئے بھلائی چاہتا ہے، دین کی سمجھ دیتا ہے۔

لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِيْ جُحْرٍ (ابوداؤد) — سوراخ میں ہرگز پیشاب نہ کرنا۔

اَلطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِّكُلِّ مُسْلِمٍ (بخاری ومسلم) — طاعون ہر مسلمان کی شہادت ہے۔

رَكْعَتَا الْفَجْرِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا (مسلم) — فجر کی ۲ دو رکعت دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً (بخاری ومسلم) — سحری کھایا کرو سحری میں برکت ہے۔

اَلْبَادِئُ بِالسَّلَامِ بَرِيْئٌ مِّنَ الْكِبْرِ (بیہقی) — سلام کی ابتدا کرنے والا متکبر نہیں ہے۔

مَنْ لَّمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ (ترمذی) — جس نے انسانوں کا شکر ادا نہ کیا اس نے اللہ کا شکر نہ کیا

اِذَا جَآءَ اَحَدُكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ (بخاری) — جمعہ کی نماز کے لئے غسل کرکے آیا کرو۔

چالیس ۴۰ حدیثیں یاد کرنے والے کا حشر علماء کے ساتھ ہوگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کی شفاعت کریں گے۔ (حدیث)